وحدت یعنی نصوص مقیدہ پر محمول کی جائیگی تو لامحالہ
نص مطلق مقید ہو جائیگی اور مطلق کی تقیید یہی نسخ و
تبدیل ہے اور یہی مذہب بھی ہے کہ مطلق کا اجرا
حالت اطلاق پر ہے اور مقید کا اجرا حالت تقیید پر اور
اسی سے معلوم ہوا کہ آیۂ قل ہو اللہ احد وجود غیر کو معدوم
کرنے کے لیے محکم ہے اور دو آیتین جیسے لا الہ الا ہو اور
انما الہکم لواحد وغیرہ جو وحدت پر دلالت کرتی ہین وجود
مثل کے معدوم کرنے کے لیے مفید اور محکم ہین ان سے
وجود غیر کی معدومیت لازم نہین آتی اور بقاعدہ علم کلام
توجیہ ہے کہ اگر ہم وجود ذات کے ساتھ وجود غیر کا اثبات
کرین تو ذات حق مین تناہی لازم آوے جو محال ہے
اور اوس کا اعتقاد باعث گمراہی اگر یہ کہا جائے کہ وجود
غیر کے اثبات سے ذات مین تناہی کیونکر لازم آویگی تو
اوس کا جواب یہ ہے کہ تمام متکلمین اس امر پر متفق ہین کہ دو
چیزون مین مغایرت بغیر ایک کے دوسری سے
علیحدگی کے محال ہے کیونکہ غیر وہ ہین جن مین باہم
علیحدگی ممکن ہو نیز دو ذاتون کا حصول ایک
کی عدم تناہی سے جمع بین الضدین کو مستلزم ہے
جس کی تشریح یہ ہے کہ گرم پانی مین مثلاً آگ
کو پانی سے معیت حاصل ہے اور پانی کو آگ سے
اور بیشک انمین سے ہر ایک متناہی ہین ورنہ ایک کا

مکان دیگرے باشد و ذا جمع بین الضدین و نیز
لازم آید کہ یکے گردند و ذا اتحاد بین الضدین زیراکہ
اتحاد عبارت است از ارتفاع حد فاصل و برزخ
حاجز و شک نیست کہ این جا حد فاصل و برزخ حاجز
نیست مگر علتے کہ متصل بذات ہر یک است کما
قال تعالی مرج البحرین دیگر آیت واعبدوا اللہ
ولا تشرکوا بہ شیئا است طریقہ توجیہ وے
آن ست کہ در کتب تفاسیر از ابن عباس مرویست
کہ ہر جا کہ در قرآن لفظ عبادۃ آید مراد از وے توحید
است و بر قاعدۂ اصول لا تشرکوا مطلق است
وشیئا عام غیر مخصوص البعض پس معنی آیہ بر مقتضائے
مقدمات ہمچنین باشند کہ یکے گوئید خدائے را و در
یگانگی شریک نیارید بوجہے از وجوہ و چیزے را شریک
وے نہ گردانید در امرے از امور و شک نیست کہ باثبات
غیر لازم می آید مر بندہ را شرک و مر باری تعالی را شریک
زیرا کہ شرک در شرع عبارت است از اثبات شریک
و مراد از شریک آنکہ او را شرکت بود با دیگرے در
امرے از امور و چون وجود غیر اثبات یابد لامحالہ وے
شریک حق گردد در ذات و صفات و افعال چہ شرکت
در ذات عبارت است از وجود ثنینیت در دو ذات
مثلا یکے گوید انا و دیگرے نیز و شرکت در صفات

دوسرے کی جگہ ہونا لازم آوے جو جمع بین الضدین
ہے اور یہ بھی لازم آوے کہ دونوں ایک ہوجائیں
جس کو اتحاد بین الضدین کہتے ہین اس لیے کہ اتحاد
حد فاصل کے اوٹھ جانے کو کہتے ہین اور درحقیقت نہ یہان
کوئی حد فاصل ہے اور نہ برزخ حاجز مگر ایک ایسی علت
ہے جو ہر ایک کی ذات سے متصل ہے جیسا کہ اللہ تعالی
کا ارشاد مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ ہے دوسری آیت یہ ہے کہ تم
اللہ کی عبادت کرو اور اوس کے ساتھ کسی کو شریک کرو
جس کی توجیہ یہ ہے کہ کتب تفاسیر مین حضرت ابن عباس
سے مروی ہے کہ کلام اللہ مین جہان لفظ عبادت آیا ہے
اوس سے توحید مراد ہے اور اصول کے قاعدے کی موافق
لا تشرکوا مطلق ہے اور شیئا عام غیر مخصوص البعض تو آیت کے
معنے ان مقدمات کے مقتضے سے یہ ہونگے کہ خدا کو ایک
کہو اور اوس کی یکتائی مین کسی طرح کسی کو شریک نہ کرو اور
کسی امر مین کسی چیز کو اوس کا شریک نہ بناؤ اور واقعی اثبات
غیر سے بندے کے لیے شرک لازم آتا ہے اور حق تعالے
کے لیے شریک اس لیے کہ شرک سے شرعا اثبات شریک مراد ہے
اور شریک سے مطلب یہ ہے کہ اوسکو دوسرے سے کسی امر مین
شرکت حاصل ہو اور جب وجود غیر ثابت ہوجائیگا تو لامحالہ وہ
حق کا ذات اور صفات اور افعال مین شریک ہوگا کیونکہ شرکت ذات
سے دو ذات کا پایا جانا مراد ہے مثلا ایک کہے انا تو دوسرا بھی اور شرکت صفات

عبارت ست از حصول یک صفت در دو ذات
وشرکت در افعال عبارت است از صدور یک
فعل از دو ذات پس چون حق تعالے می گوید آنا
اگر دیگرے گوید آنا لا محالہ شریک گردد در ذات
ہمچنین در صفات و افعال - اگر کسے گوید شرک در
شرع عبارت است از اثبات شریک مر حق را در
صفت معبودی نہ اثبات مطلق شرک و شریک
گویم انحصار شریک باین معنی مقتضے تقیید نص است
وتخصیص وے و آیت مذکور از محکمات است ولا
تشرکوا نص مطلق است وشیئا عام غیر مخصوص البعض
وشک نے کہ تقیید نص مطلق وتخصیص عام غیر مخصوص البعض
بدلیل متراخی نسخ است ونسخ المحکم لا یجوز
کما عرف آیت دیگر لیس کمثلہ شئ است و
توجیہ وے بر دو وجہ است اول آن کہ چون غیر
حق را وجود ثابت کنیم مثل حق لازم آید زیرا کہ
مماثلت عبارت از اشتراک در صفات است
وچون وجود دو ذات اثبات یابد لا محالہ
صفات وے نیز ثابت باشند کہ وجود ذات
بے صفات محال است وشک نے کہ صفات
حیات وعلم وغیر ذلک اند پس ثابت شد کہ در دو این
صفات باشند لا بد آن ذات مثل حق باشد واگر

دو ذاتوں میں ایک ہی صفت کا حاصل ہونا اور
شرکت افعال سے ایک فعل کا دو ذاتوں سے
صادر ہونا مراد ہے تو جب حق انا کہتا ہے اگر دوسرا
بھی انا کہے تو لا محالہ ذات میں شریک ہوگا اسی طرح
صفات اور افعال میں بھی - اگر کوئی کہے کہ شرعا
شرک سے حق کی صفت معبودی میں شریک کا
اثبات مراد ہے نہ اثبات مطلق شرک شریک اوس کا جواب
یہ ہے کہ شریک کا اس معنی میں منحصر کرنا آیت کو مخصوص
اور مقید کرنا ہے اور آیت مذکور آیات محکمات سے ہے
اور لا تشرکوا نص مطلق ہے اور شیئا عام غیر مخصوص البعض
اور در واقع نص مطلق کا مقید اور عام غیر مخصوص البعض
کا کسی دلیل سے منسوخ کرنا ہی نسخ ہے اور محکم کا منسوخ
کرنا ناجائز ہے جو بیان ہو چکا دوسری آیت لیس
کمثلہ شئ ہے اس کی توجیہ دو طرح پر ہے اول یہ
کہ جب غیر حق کا وجود ہم ثابت کریں گے تو حق کا مثل
لازم آوے گا اس لیے کہ مماثلت صفات میں شریک
ہونے کو کہتے ہیں دوسرے جب ذات کا وجود ثابت
ہو جائے گا تو لا محالہ اوس کے صفات بھی ثابت
ہو جائیں گے کیونکہ وجود ذات بلا صفات محال ہے اور
صفات بھی یہی حیات اور علم وغیرہ ہیں تو جن ذات میں
یہ صفات پائے جائیں گے وہ حق کی مثل ضرور ہوگی اور اگر

فی المثل نفی مماثلت آن با غیر حق تعالی بہمہ وجوہ
فرض کنیم نفی مماثلت در نفس وجود نتوانیم کرد اگر
کسے گوید کہ مماثلت عبارت از اشتراک در جمیع
صفات است گویم این ممکن نیست چہ درین ہنگام
ما بہ المفارقۃ غیر ما بہ المشاکلۃ شود زیرا کہ
میان افراد الماہیۃ ما بہ المشاکلۃ ماہیت باشد و
ما بہ المفارقۃ تعین و شک نیست کہ تعین صفت است
کما عرف فی مبادی اصول الکلام پس ثابت
شد کہ برای مماثلت اشتراک در جمیع صفات
شرط نیست و نیز گویم در زیدٌ مثل اسد مثل اسدیت
در مماثلت مگر در یک صفت شجاعت اگر کسے گوید
کہ مماثلت در جمیع صفات شرط نیست پس چرا
در صفات ذاتے کہ عبارت است از اشتراک در تمام
ماہیت شرط نمی گیری چنانچہ در طوالع گفتہ
الغیران ان اشترکا فی الماہیۃ فمتماثلان
و چون حمل مماثلت باین معنی کنند حق را مثل
لازم نیاید زیرا کہ ہیچ یک از مخلوقات مشارک
نیست مر حق را در تمام ماہیت گویم در قرآن و احادیث
و کلام فقہا و تراکیب بلغا بمعنے مثل علی الاطلاق
یافتم پس تقیید مثل باین معنی کہ متکلمان مے گویند
مجرد اصطلاح است و اصطلاح قومے حجت نہ گردد

مثل مین اوس غیر کی مماثلت کی نفی حق کے ساتھ
من کل الوجوہ ہم فرض بھی کر لین تو نفس وجود مین مماثلت
کی نفی ہم نہین کر سکتے اگر کوئی یہ کہے کہ مماثلت سے
مراد کل صفات مین شریک ہونا ہے تو مین کہونگا کہ یہ
ناممکن ہے کیونکہ اُس وقت ما بہ المفارقت غیر ما بہ المشاکلت
ہو گی اس لیے کہ افراد ماہیت مین ما بہ المشاکلت ماہیت
ہو گی اور ما بہ المفارقت تعین اور بے شک تعین صفت ہے
جیسا کہ مبادی اصول کلام مین جانا گیا پس ثابت ہوا کہ مماثلت
کے لیے تمام صفات مین اشتراک مشروط نہین نیز زیدٌ
مثل اسد مین۔ مین کہونگا کہ زید مماثلت مین اسد
کا مثل نہین ہے بجز ایک صفت شجاعت کے اگر کوئی
کہے کہ جب مماثلت کل صفات مین شرط نہین تو
صفات ذات مین جس سے تمام ماہیت مین اشتراک
مراد ہے شرط کیون نہین کیجاتی ہے چنانچہ طوالع
مین ہے کہ دو غیر اگر ماہیت مین مشترک ہون تو وہ
دونون مثل ہین اور جب مماثلت کو اس معنی پر قیاس
کرینگے تو حق کا مثل لازم نہ آویگا اسلیے کہ مخلوقات مین
کوئی بھی تمام ماہیت مین حق کا شریک نہین مین کہونگا کہ قرآن
اور احادیث اور کلام فقہا اور صاحبان بلاغت کی ترکیب مین مینے
مطلقاً مثل کے معنے پائے ہین تو مثل کو اس معنی سے جو متکلمین کہتے ہین مقید کرنا
صرف اصطلاح ہی ہے اور کسی قوم کی اصطلاح دوسری قوم کے لیے حجت نہین

برقومے دیگر۔ وجہ دوم آن کہ لیس کمثلہ شیٔ از
آیات محکمات است و مثل مطلق است و شیٔ عام
غیر مخصوص البعض پس اگر مماثلت را مقید گردانم
بقید اشتراک در جمیع صفات یا در تمام ماہیت لامحالہ
نص مطلق مقید گردد و عام غیر مخصوص البعض مخصوص
شود و شک نیست کہ تقئید نص مطلق و تخصیص عام
بدلیل متراخی نسخ است و نسخ المحکم لا یجوز آیت
دیگر کل شیٔ ھالک الا وجھہ مراد از وجہ
باتفاق جمہور ذات است و در لغت بمعنے روئے
و ہلاک نیستی است و ہالک نیست را گویند و سوق
این کلام چون سوق زید قائم است پس مفہوم
از وے چنان باشد کہ ہر چہ غیر حق است نیست
است و ہست نیست مگر حق اگر کسے پرسد کہ ہلاک
از روے لغت نیستی است ولیکن نہ نیستی مطلق بلکہ
نیستی کہ بہ موت و فنا ست و شک نیست کہ موت
و فنا سبقت وجود تقاضا می کند گویم الوجود بین
العدمین کطہر المتخلل بین الدمین و وجود اشیاء
بخود نیست و اشیاء ازین رو کہ قیام آنہا بخود نیست
وجود ندارند وجود آنہا ازان رواست کہ قیام
بحق دارند و شک نیست کہ چنین وجود را ارباب
شہود وجودے نشمارند کما قال العارف الربانی

ہوتی دوسری یہ وجہ ہے کہ لیس کمثلہ شیٔ آیات محکمات
سے ہے اور مثل مطلق ہے اور شئے عام غیر
مخصوص البعض پس اگر مین مماثلت کو اشتراک
تمام صفات یا تمام ماہیت کی قید سے مقید کردون
تو لامحالہ نص مطلق مقید ہوجائیگی اور عام غیر مخصوص البعض
مخصوص ہوجائیگا اور بے شک نص مطلق کی تقیید
اور عام کی تخصیص بھی ازروئے دلیل نسخ ہے اور
نسخ محکم جایز نہین تیسری آیت کل شیٔ ھالک
الا وجھہ وجہ سے باتفاق جمہور ذات مراد ہے اور
لغت مین چہرہ کے معنے ہین اور ہلاک سے مراد نیستی
ہے اور ہالک معدوم کو کہتے ہین اور اس کلام کا طریقہ
بھی زید قائم کی طرح ہے تو اوس کا مفہوم یہ ہوگا کہ حق
کے سوا ہر چیز معدوم ہے بجز حق کے کوئی موجود نہین اگر
کوئی پوچھے کہ ہلاک کے معنے لغت مین نیستی کے ہین لیکن
نیستی مطلق نہین بلکہ نیستی بمعنی موت اور فنا اور اسمین
شک نہین کہ موت اور فنا وجود کی سابقیت کا تقاضا
کرتی ہے تو مین کہونگا کہ وجود بین العدمین طہر متخلل
بین الدمین کی طرح ہے اشیاء کا وجود اپنے آپ سے
نہین اور اشیاء بوجہ قائم بذاتہ نہ ہونے کے وجود
نہین رکھتی ہین انکا وجود اس سبب سے ہی کہ وہ حق سے قائم ہین
اور ایسے وجود کو ارباب شہود وجود شمار نہین کرتے چنانچہ عارف

اوحد الدین الکرمانی سے چیزیکہ وجود او بخود
نیست ÷ ہستیش نہادن از خرد نیست + ہستی کہ بحق
قیام دارد + او نیست ولیکہ نام دارد + ظہور حق باشیاء
است و قیام اشیا بحق مانند ظہور آب بہ حباب و
قیام حباب بہ آب وَاِلَیْہِ الْمَرْجِعُ وَاِلَیْہِ الْمَآب و ہم
درین مقدمہ بخاطر توان داشت کہ وحدت و تعالیٰ
ہم باسم واحد است و ہم بہ اسم احد و فرق میان ہر دو
آنکہ احد اطلاق کردہ می شود بر حق بحسب الذات
فقط بلا اعتبارات نسب لاحقہ بحق و واحد اطلاق
کردہ می آید بر او تعالیٰ بہ اعتبار نسبت وحدت کہ
از جملہ صفات است بر عین آن ذات ہمچنین لاحق
می شوند با واحد نسبت غیر متناہیہ مثلاً گویند الواحد
نصف الاثنین و ثلث الثلاثۃ و ربع الاربعۃ
و غیر ذالک و وحدت گاہے عین شی بود از جمیع
وجوہ و گاہے عین من وجہ و گاہے غیر من جمیع الوجوہ
پس اول مثل وحدت حضرت وجود است من
حیث الذات کہ از ان لفظ احد مشتق است و ثانی
مثل حضرت وجود است من حیث انہا صفۃ من
الصفات کہ من وجہ عین است و من وجہ غیر و
از ان لفظ واحد مشتق است و سوم مثل وحدت انواع
اعداد چنانکہ اثنین عدد و واحد است و ثلاث نیز پس

ربانی اوحد الدین کرمانی کا ارشاد ہے سے جس چیز کا
خود وجود نہین اوس کو ہست کہنا خلاف عقل ہے +
جو ہستی کہ حق سے قائم ہے + وہ خود ہستی نہین مگر اسم
ہستی سے موسوم ہے ظہور حق اشیاء سے اور قیام
اشیا حق سے ہے جیسے پانی کا ظہور حباب سے اور حباب
کا قیام پانی سے اوسی کی طرف رجوع اور ٹھکانا ہے
اسی مقدمہ مین یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ حق کی وحدت
اسم واحد سے بھی ہے اور اسم احد سے بھی ان مین فرق
یہ ہے کہ لفظ احد کا اطلاق حق پر صرف بحیثیت ذات
کے ہوتا ہے بلا اعتبار اون نسبتون کے جو حق سے
لاحق ہین اور واحد کا اطلاق حق پر آتا ہے باعتبار نسبت
وحدت کے جو منجملہ صفات ہے عین اوسی ذات پر اسی
طرح واحد کے ساتھ نسب غیر متناہیہ بھی لاحق ہوتی
ہین مثلاً کہتے ہین کہ واحد دو کا نصف اور تین کا تیسرا
حصہ اور چار کا چوتھا حصہ وغیرہ ہے اور وحدت کبھی تمام وجوہ
سے عین شی ہوتی ہے اور کبھی ایک وجہ سے عین اور دوسری وجہ
سے غیر اور کبھی تمام وجوہ سے غیر ہوتی ہے پس اول مثل وحدت
حضرت وجود کی ہے بحیثیت ذات جس سے لفظ احد مشتق ہے
اور دوسری مثل وحدت حضرت وجود کی ہے بحیثیت صفات
جو ایک وجہ سے عین اور دوسری وجہ سے غیر ہے اور لفظ واحد اسی سے مشتق
ہے تیسری مثل وحدت اقسام اعداد کی ہے جیسے دو بھی ایک عدد ہے اور تین بھی

هریکے ازینها نوع واحد است که ممتاز است یکے
از دیگرے بخصوصیت لاحقه وخاصهٔ خود وهمین وحدت
است که عارض اجناس واشخاص نیز میشود ونیز
در احد مبالغتے است که در واحد نیست زیراکه احد
صفت مشبه است وواحد اسم فاعل وشک نیست
که صفت مشبه را دلالت بر ثبوت واستمرار است و
اسم فاعل را دلالت بر حدوث وانتقال ولهذا در شرع
اطلاق اسم احد بر الله خصوصا آید از اطلاق واحد بر
وے چه واحد جاری می شود بر اسم الله واله نیز
هو الله الواحد القهار والهکم اله واحد اما
اسم احد جاری نمیشود مگر بر اسم الله جاء هو الله احد
ولم یجئ الهکم احد وبعضے از اهل تحقیق گفته اند
که وَاحِد مقتضی نفی مثل است واَحَد مقتضی نفی غیر
چراکه استعمال واحد بمعنی نفی مثل آمده بخلاف احد
اهل عرب گویند فلان واحد زمانه ای لا مثل
له ونگویند فلان احد زمانه بهذا المعنی ونیز
گفته اند که اسم واحد چون مقارنت یابد باسم قهار
مقتضی نفی غیر بود نحو قوله تعالی لمن الملك
الیوم لله الواحد القهار ازینجاست که هر جا اسم
واحد بر اسم الله در قرآن آمده بے مقارنت اسم
قهار نیامده ووحدت را دو اعتبار اند تکرر وے که موجب

تو ان مین سے ہر نوع واحد ہے جو ہر ایک دوسرے
سے اپنی خصوصیت خاصہ ولاحقہ سے ممتاز ہے اور
یہی وحدت اجناس اور اشخاص مین بھی عارض ہوتی
ہے نیز لفظ احد مین ایک قسم کا مبالغہ ہے جو واحد مین
نہین اسلیے کہ احد صفت مشبہ ہے اور واحد اسم فاعل
صفت مشبہ ثبوت اور استمرار پر دلالت کرتا ہے اور اسم
فاعل حدوث اور انتقال پر اسلیے شرع مین اسم احد
کا اطلاق خصوصًا خداوند تعالی پر بہ نسبت واحد کے
اطلاق سے کہ واحد کا اطلاق اللہ اور الہ دونون پر ہوتا
ہے جیسے ہو اللہ الواحد القہار اور الہکم الہ واحد اور
اسم احد کا اطلاق اللہ کے سوا کسی پر نہین آتا ہو اللہ احد
آیا ہے الہکم احد نہین آیا اور بعض اہل تحقیق نے کہا ہے
کہ واحد نفی مثل کو مقتضی ہے اور احد نفی غیر کو کیونکہ واحد
کا استعمال نفی مثل کے معنے مین آیا ہے بخلاف احد کے
اہل عرب کہتے ہین فلان واحد زمانہ ای لا مثل لہ یہ نہین
کہتے کہ فلان احد زمانہ اور بعض کہتے ہین کہ اسم واحد جب اسم
قہار کے ساتھ ہوتا ہے تو وہ نفی غیر کا مقتضی ہوتا ہے جیسے اللہ تعالی کا
ارشاد ہے کس کے لیے آج کے دن بادشاہی ہے خدائے غالب یکتا
کے لیے اس لیے جہان کہین اسم واحد اور اسم اللہ
قرآن مین آیا ہے بغیر اسم قہار کے نہین آیا ہے اور
وحدت کے دو اعتبار ہین ایک وحدت کا مکرر ہونا جو موجب

کثرت است و اعتبار منع الانقسام و وحدت صرفه
را دو اعتبار اند اعتبار تجرد و اعتبار تلبس پس وحدت
به اعتبار تجرد از جمیع قابلیات مرتبه احدیت است
و به اعتبار تلبس و قابلیات مرتبهٔ وحدانیه فهما
منتسبان من تلک الوحدة چه که احدیت که
مرتبهٔ اطلاق است یعنی احدیت ذاتیه و واحدیت
مطلقه ظاهر شد از وحدت کالوحدانیه فتدبر
و تشکر مقدمهٔ پنجم بدان که وجود واجب زائد
بر ونیست بلکه عین اوست دلیلش آن که اگر وجود
زائد بود باید که ذات من حیث هی فی حد ذاته
مع قطع النظر عن العوارض نه موجود بود نه معدوم
و هر چه این چنین است ممکن است زیرا که اتصاف
وجودش یا بسبب ذات است و این محال است که
الشیء ما لم یوجد لا یوجد پس لازم آید تقدم
آن بالوجود هذا خلف و یا بسبب غیر بود پس معلول
بود و واجب نماند اگر کسے گوید که واجب نزد ما
عبارت است از اقتضاء ذات مر وجود را پس هرگاه
ذات مقتضی وجود شد واجب گردید فلا یحتاج
الی العلة و این واجب بود نه ممکن و تقدم شیء علی
نفسه نیز لازم نه آید گوییم که درمیان علت و اقتضاء
فرق صرف در عبارت است پس چون مقتضی

کثرت ہے دوسرے اعتبار منع انقسام اور وحدت صرفہ
کی دو اعتبار ہین اعتبار تجرد اور اعتبار تلبس تو وحدت باعتبار
کل قابلیات سی تجرد کے مرتبہ احدیت ہی اور باعتبار تلبس
اور قابلیات کی مرتبہ وحدانیہ اور یہ دونون اسی وحدت سے
نکلے ہین کیونکہ احدیت جو مرتبہ اطلاق ہی یعنی احدیت
ذاتیہ واحدیت مطلقہ وحدت سی ظاہر ہوے جیسی وحدانیت
پس غور کرو اور شکر کرو پانچوان مقدمہ وجود واجب
ذات پر زائد نہین بلکہ عین ذات ہے جسکی دلیل یہ ہے
کہ اگر وجود زائد ہوتا تو چاہیے تھا کہ ذات بحیثیت ذات
اپنی حد ذات مین عوارض سے قطع نظر کرکے نہ موجود
ہوتی نہ معدوم اور جو چیز ایسی ہو وہ ممکن ہے اس لیے
کہ اوس کے وجود کا اتصاف یا اپنی ذات سے ہے تو
یہ محال ہی کیونکہ شی جب تک موجود نہو گی پائی نہ جائیگی
تو اس سے اوس کا تقدم وجود سے لازم آویگا یہ خطا ہے
یا بسبب غیر کی ہو تو وہ معلول ہوگا واجب نہ رہیگا اگر کوئی
کہے کہ واجب ہمارے نزدیک ذات کی اقتضاء وجود سی مراد
ہے تو جب ذات مقتضی وجود ہوئی واجب ہوگئی تو اپنی
علت کی محتاج نہ رہی اور یہی واجب ہے نہ ممکن اور
شئے کا اپنی ذات پر مقدم ہونا بھی لازم نہ آویگا
تو مین کہونگا کہ علت اور اقتضاء مین صرف
عبارت کا فرق ہے تو جب لے بنے وجود کا مقتضی ہوگا

وجود خود شد کان علة لنفسه فیلزم المحذور اگر
پرسی کہ اقتضاء معنے ندارد بجز آن کہ لا یمکن ان
لا یکون موجوداً الا ان یکون ھناک تاثیر
وتأثر گویم عدم امکان یا ذاتی است یا بواسطۂ غیر
درصورت اول ذات علت خواہد بود ولا معنے الا
ما یکون امتناع العدم بالنظر الی ذاتہ ودر ثانی
احتیاج الی الغیر لازم خواہد آمد پس واجب نخواہد ماند
لاجرم لازم آید کہ واجب علت لنفسہ بود و بر تقدیر
بودن آن عین وجود بضرورت آنکہ امتناع عدمش
برائے ذات ویست چرا کہ می توانم گفت کہ درصورت
عینیت وجود اتصافی نیست او را با آن و معنی امتناع
عدمہ لذاتہ انہ ھو الوجود المتاکد پس ثابت شد
کہ واجب ہمان وجود بحت است قائم بذاتہ مجرد
از جمیع نسب و امتیازات و در اعتبارات ذات
مع القید واجب لذاتہ نیست بل لغیرہ وھو ذات
البحت ونیز اگر وجود زائد بر ذات باشد اتصاف
ذات بوجود علتے خواہد بود وحینئذ اگر ذات خود باشد
لازم آید تقدم اتصاف ذات بر وجود ذات زیرا کہ
عقل حاکم است بہ آن کہ ایجاد فرع وجود است
واگر وجود سابق عین وجود لاحق باشد تقدم
شیٔ بر نفس لازم آید واگر غیر بود نقل کلام باتصاف

تو اپنی ذات کی علت ہوگا یہ خلاف قیاس ہی اگر یہ
کہو کہ اقتضاء کے معنے بجز اسکے اور کچھ نہین کہ یہ ممکن
نہین ہی کہ شئی موجود نہ ہو مگر وہان اوسکی تاثیر اور تاثر
موجود ہو تو مین کہتا ہون کہ عدم امکان یا ذاتی ہے یا
بواسطۂ غیر پہلی صورت مین ذات علت ہوگی جس کا
مطلب بجز اسکے کچھ نہین کہ بلحاظ عدم اوسکی ذات کے
ممتنع ہو اور دوسری صورت مین غیر کی احتیاج لازم آویگی
تو واجب واجب نہین رہیگا لہذا لازم آویگا کہ واجب اپنی
ذات کی علت ہو بسبب اوسکے عین وجود ہونیکے اس لیے
کہ امتناع عدم اوسی کی ذات کے واسطے ہے کیونکہ مین
کہہ سکتا ہون کہ عینیت وجود کی صورت مین وہ اوس سے
متصف نہین اور امتناع عدم لذاتہ کے یہ معنی ہین کہ وہ
وجود مؤکد ہی پس ثابت ہوا کہ واجب ہی وجود بحت قایم
بذاتہ اور کل نسب و امتیازات سے مجرد ہی اور اعتبارات مین
ذات مع القید واجب لذاتہ نہین ہی بلکہ لغیرہ ہی اور وہی
ذات بحت ہی نیز اگر وجود ذات پر زائد ہو تو اتصاف
ذات بوجود علت ہوگا اور یہان اگر ذات خود ہو تو تقدم
اتصاف ذات وجود ذات پر لازم آویگا کیونکہ عقل
اس بات کا حکم کرتی ہی کہ ایجاد وجود کی فرع ہے اور اگر
وجود سابق وجود لاحق کا عین ہو تو شئی کا تقدم
ذات پر لازم آویگا اور اگر غیر ہو تو وہ غیر متصف

آن غیر بوجود کنیم که تسلسل در وجودات لازم آید
کما تشهد بہ الفطرة السلیمة و مدققان تصوف
ازین جا گویند که وجود حق عین ذات اوست
این قدر بضرورت وقت املا کرده شد دیگر از کتب
و رسائل صوفیه باید جست **مقدمۂ ششم** ضرور
است که وجود حقیقی فی حد ذاته لطیف محض باشد
ای فی نفسه محدود نه باشد یعنی چنین نمی تواند شد
که در بعض مراتب وجودیه حقیقیه در ماند از دیگر مراتب
وجودیه حقیقیه به مباینت و مزایلت ممتاز گردد زیرا که
وجود حقیقی اگر چنین لطیف نه باشد ضرور است که بقول
معلوم العدم لایوجد در دیگر مراتب وجودیه حقیقیه
غیر وے یافته شود و غیر وی فی نفسه معدوم است
پس ثابت شد که وجود حقیقی از قبیل جواہر مصطلحه
حکما و متکلمین نبوده چه ہر یکے را از انها حدیست که
بیرون از ان قدم زدن نمی تواند مثلا انسان
فرس نیست و فرس غنم نے و جان چیزے دیگر است
و بے جان امرے دیگر و وجود حقیقی ہمه را شامل
و محیط است و نیز توان رسید که وجود حقیقی در نفس
ذات خود متحقق است ورنه ترجیح بلا مرجح در امور غیر ارادیه
لازم آید و این بالبداہة محال است و مستلزم
اجتماع النقیضین چه در مرتبه که مساوات اقتضا و

بوجود ہوگا جس سے وجودات مین تسلسل لازم آویگا
جس کی گواہی عقل سلیم دیتی ہے اور مدققین تصوف
یہین سے کہتے ہین کہ وجود حق عین ذات ہے اس قدر
بضرورت وقت لکھا گیا اسکے علاوہ صوفیہ کی کتابون
اور رسائل مین ڈھونڈنا چاہیے **چھٹا مقدمہ** وجود حق
کے لیے ضروری ہے کہ وہ فی حد ذاتہ لطیف محض ہو
یعنی فی نفسہ محدود نہو یعنی ایسا نہین ہو سکتا کہ بعض
مراتب وجودیہ حقیقیہ مین رہکر دیگر مراتب وجودیہ حقیقیہ سے
علیحدہ و ممتاز ہو اس لیے کہ وجود حقیقی اگر ایسا لطیف نہو تو اس
قول کے موافق کہ عدم موجود نہین ہوتا ضروری ہی کہ دیگر
مراتب وجودیہ حقیقیہ مین اوسکا غیر پایا جائے اور اوس کا غیر
فی نفسہ معدوم ہی تو ثابت ہوا کہ وجود حقیقی جواہر مصطلحہ
حکما و متکلمین کی طرح نہین ہے کیونکہ اون جواہر سی ہر
ایک کی ایک حد ہے جس سے وہ باہر قدم نہین رکھ سکتا
مثلاً انسان گھوڑا نہین اور گھوڑا بکری نہین جاندار
چیز ہی اور بے جان اور چیز اور وجود حقیقی سب کو محیط اور
شامل ہے اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ وجود حقیقی اپنے
نفس ذات مین ثابت ہے ورنہ امور غیر ارادیہ مین ترجیح
بلا مرجح لازم آئیگی جو بداہتہً محال ہے اور
دو مخالف چیزون کے اجتماع کو مستلزم
ہے - کیونکہ جس مرتبے مین اقتضا اور

عدم اقتضاے وجود مفروض است لامساوات
آنہا ازان لازم می آید وباید کہ وجود حقیقی مستفاد
از غیر خودش باشد حالانکہ غیرش فی نفسہ معدوم است
وتقدم شئ علی نفسہ بالبداہت باطل است
وبجہت انتفائے غیر وبطلان ہمچو تقدم احتمال
تسلسل عددی نیز ناجایز پس ثابت شد کہ
وجود حقیقی را علتے نیست ونہ آن مسبوق بالعدم است
ورنہ گاہے متحقق فی الواقع نہ شدے مقدمہ ہفتم
باید دریافت کہ ہر ماہیتے کہ غیر وجود حقیقی است
بحسب ذات خود یعنی بدون علاقہ حضرت وجود
از عرصہ گاہ خارج بالضرورت وبالاتفاق معدوم
محض است وظاہر کہ معدوم محض مبدأ اثرے از
آثار خارجیہ نمی تواند شد ورنہ آن معدوم نہ باشد
پس امرے کہ در حکمت ونیز در عرف آن را واقع و
نفس الامر میگویند از وجود حقیقی خالی نمی تواند شد
زیراکہ واقعیت خارجیہ وتحقق نفس الامری خود از
وجود خبر می دہد باین گونہ کہ اگر آنجا عدم فرض
کردہ شود وجود ولاوجود معًا صادق آیند واین
بدیہی البطلان است بالاتفاق چہ عدم محض
عبارت است از نہ بودن ہیچ اثرے از وجود
در واقع پس موجودیت آن کہ مقدم ترین آثار وجود

عدم اقتضائے وجود کی مساوات فرض کی جائیگی تو
لامساوات کا ہونا بھی لازم آئیگا اور چاہیے کہ وجود
حقیقی اپنے غیر سے مستفاد ہو حالانکہ اوس کا غیر
فی نفسہ معدوم ہے اور شئ کا اپنی ذات پر مقدم ہونا
بداہتہً باطل ہے اور بوجہ انتفائے غیر اور ایسے تقدم کے
باطل ہونے کے تسلسل عددی کا احتمال بھی ناجایز ہے
تو ثابت ہوا کہ وجود حقیقی کے لیے کوئی علت نہین اور
نہ وہ مسبوق بالعدم ہے ورنہ واقع مین کبھی ثابت نہ ہوتا
ساتوان مقدمہ جاننا چاہیے کہ جو ماہیت کہ وجود
حقیقی کی بحیثیت اپنی ذات کے غیر ہے یعنی بغیر تعلق
حضرت وجود کے عالم خارج مین وہ بداہتہً اور بالاتفاق
معدوم محض ہے اور یہ امر ظاہر ہے کہ معدوم محض آثار
خارجیہ سے کسی امر کا مبدء نہین ہو سکتا ورنہ وہ معدوم
ہی نہ ہوتا تو جس امر کو حکمت نیز عرف مین واقع ونفس الامر
کہتے ہین وہ وجود حقیقی سے خالی نہین ہو سکتا اس لیے
کہ ثبوت واقعیت خارجیہ ونفس الامر خود وجود کی خبر دیتا
ہے اس طرح پر کہ اگر وہان عدم فرض کیا جائے تو وجود
اور لاوجود دونون ساتھ ہی صادق آوین اور یہ
بداہتہً بالاتفاق باطل ہے کیونکہ عدم محض سے
مراد کسی اثر وجودی کا واقع نہ ہونا ہے پس
اوس کی موجودیت جو مقدم ترین آثار وجود یہ ہے

است ہیچ معنے ندارد وازین جاست مسئلہ حکمت حقیقیہ کہ العدم لا یوجد فافہم۔

بے معنے ہو گی اور حکمت حقیقیہ کا مسئلہ کہ عدم موجود نہین ہوتا۔ اسی جگہ سے ہے پس اس کو سمجھو۔

قولہ وانّ ذٰلک الوجود لیس لہ شکلٌ ولا حدٌ ولا حصرٌ

اقول و بہ تحقیق آن وجود بحت وہستی صرف را در مرتبۂ اطلاق نہ شکلے است و نہ حدے و نہ حصرے ہمین مرتبہ را مرتبۂ لا بشرط گویند و بشرط لا مرتبۂ اطلاق مشہور و بہ شرط مرتبۂ تقیید بہ ظلال و تکثرات و اندراج در کل و شکل در لغت معنی مانند و در اصطلاح هو الهیئة الحاصلة للجسم بسبب احاطة حد واحد بالمقدار کما فی الکرة او حدود کما فی المضلعات من المربع والمسدس انتهی کذا فی تعریفات الاشیاء للسید الشریف الجرجانی و نہ بودن شکل بسبب نہ بودن جسمیت او تعالی است واین ظاہر و باہر است واما نہ بودن حد پس مراد ازان یا لا تقف عند حدٍ است یا بمعنے تعریف واین ہر دو نمی تواند شد چراکہ واجب تعالے از کمیات و تکممات ہر دو منزہ است ونیز بسیط ذہنی وخارجی ست فاذا احدٌ والحد مرکب فاین البساطة و نفی حصر نیز ازین تقریر واضح ولایح است چہ کہ حصر مقتضی عددیت است وآن این جا نیست واما معرفت حضرت الوجود منزہ از جملہ قیود پس

مین کہتا ہون کہ در حقیقت اوس وجود بحت اور ہستی صرف کے لیے مرتبۂ اطلاق مین نہ کوئی شکل ہی اور نہ کوئی حد اور نہ حصر اور اسی مرتبہ کو لا بشرط شئے کہتے ہین اور بشرط لا شئے مرتبۂ اطلاق مشہور ہی اور بشرط شئ مرتبۂ تقیید مع ظلال اور تکثرات اور اندراج در کل اور شکل کے معنی لغت مین مانند کے ہین اور اصطلاح مین ہیئت حاصلہ جسمیہ ہی بسبب وسکی حد واحد مین مقدار کی ساتھ احاطہ کی جیسے کرہ یا حدود مین جیسے مضلعات مین مربع و مسدس اسی طرح تعریفات میر سید شریف جرجانی مین ہے اور شکل نہ ہونا بسبب باریتعالی کی جسمیت نہ ہونے کے ہے جو بخوبی ظاہر ہے لیکن حد نہ ہونا تو اس سے مراد یا لا تقف عند حدٍ ہے یا بمعنے تعریف اور یہ دونون نہین ہو سکتے کیونکہ واجب تعالی کمیات اور تکممات دونون سے منزہ ہے نیز بسیط ذہنی و خارجی ہے پس جب محدود کیا گیا اور حد مرکب ہے تو بساطت کہان رہی اور نفی حصر بھی اس تقریر سے ظاہر ہے کیونکہ حصر عدد ہونے کو مقتضی ہے اور وہ یہان ہے نہین اور معرفت حضرت الوجود منزہ از قیود کی بارہ مین

؎ یعنی جو کسی حد پر موقوف نہین ۱۲

وران دو قسم مردمان اند یکی صاحب البحث
والافکار که ایشان را حکما و علما خوانند دیگری
ارباب الکشف والابصار که ایشان را عرفا
و اولیا خوانند اما اہل بحث و نظر بہ ترکیب مقدمات
و تقریر حجج و ادلہ بنظر استدلال و یقین بمطالب حقیقی
حاصل می نمایند کتب ایشان معروف و طرق اینها
مشہور اند از وجود ممکن بر وجود واجب استدلال
میکنند و از خلق بخالق سیر کنند اگرچہ این طریقہ محمود است
ولیکن از انجا کہ از نور فیض خالی ست صاحب این
طریقہ واجب را چہ شناسد و حاصل آن بہ عاقبت
جز حیرت مذموم چیزے دیگر نہ بود و حیرت بر دو گونہ
است حیرت نظار و حیرت اولی الابصار اوّل
مذموم است چہ از تصادم شکوک و تعارض ادلہ
خیزد و حیرت اولی الابصار محمود است چہ از توالی
تجلیات و تتالی بارقات مشاہدہ وحدانیت و
الوہیت و احکام و عجائب ربوبیت دست دہد
رب زدنی فیک تحیّرا اشیر بہمین حیرت است
اما اہل کشف و بصیرت بہ تفریغ محل و تصفیہ باطن و
تخلیہ تخیل و کمال تبتل و دوام توجہ بہ منتہائے
مقصود خود برسند وھو الوصول الی معرفۃ اللہ
و لقائہ و این راہ اہل سلوک صراط مستقیم گویند

دو گروہ ہین ایک صاحب بحث و فکر جن کو علما و حکما
کہتے ہین دوسرے صاحبان کشف جن کو عرفا و اولیا
کہتے ہین - اہل بحث و نظر مقدمات کی ترکیب اور
حجتون کی تقریر اور دلیلون پر نظر رکھکر مطالب حقیقی
کا یقین حاصل کرتے ہین ان لوگون کی کتابین معروف
اور طرق مشہور ہین وجود ممکن سے وجود واجب پر
استدلال کرتے ہین اور خلق سے خالق کی طرف جاتے
ہین اگرچہ یہ طریقہ عمدہ ہے لیکن چونکہ نور فیض سے خالی
ہے اس لیے اس طریقے والا واجب کو کیا پہچان سکتا
ہے آخر مین حیرت مذموم کے سوا اوس کا انجام کچھ
نہین ہوتا اور حیرت کی دو قسمین ہین حیرت نظار
اور حیرت اولی الابصار اول مذموم ہے کیونکہ وہ
دلیلون کے تباین اور شکوک کے تخالف سے پیدا
ہوتی ہے اور حیرت اولی الابصار محمود ہے کیونکہ وہ
تواتر تجلیات مشاہدہ وحدانیت و الوہیت و احکام و
عجائب ربوبیت سے حاصل ہوتی ہے رب زدنی
فیک تحیرا اسی حیرت کی طرف اشارہ ہے اور اہل
کشف و بصیرت فراغت قلب و صفائے باطن اور یکسوئی
خیالات اور کمال انقطاع اور دوام توجہ سے اپنے منتہائے
مقصود پر پہونچتے ہین اور یہی خدا کی معرفت اور اوس سے پہونچنا اور
یہی وصل ملاقات ہے اور اسیکو اہل سلوک صراط مستقیم کہتے ہین

وطریقہ پیمبران ہمین است واشرف واکمل این
طریق و ملل ملت حنیفی و دین مصطفوی ست ظلمات
اکوان و تقلبات حدثان درین طائفہ اثر نکرد
بر طہارت فطرت ماندہ اند واز ظلمات حدثان
گذشتہ بہ لجہ دریاے وحدانیت رسیدہ اند ولیکن
درین طریقہ خطرہا بسیار است ومہالک بے شمار
چہ خطرات ووساوس وورطات ہواجس وتسویلات
باطلہ وتخیلات فاسدہ سالک را در بیابان طلب
حیران وسرگردان دارد وافسد مفاسد آنکہ بہ اندک
نمایشے کسراب بقیعۃ یحسبہ الظمآن ماءً
از راہ رفتہ دست از طلب بدارد حتی اذا جاءہ
لم یجدہ شیئاً وبعد از اطلاع بصورت حال حاصلش
غیر حسرت ووبال نباشد نعوذ باللہ من ذلک

اور پیغمبرون کا طریقہ بھی یہی ہے اوران طرق و مذاہب
مین سب سے کامل و بزرگ ملت حنیفی و دین مصطفوی
ہے عالم کی تاریکیون اور حدوث کے تغیرات نے
ان لوگون پر کوئی اثر ہی نہین کیا وہ اپنی پاک طبیعت
ہی پر رہے اور ظلمات حدوث سے گذر کر دریاے وحدانیت
مین مستغرق ہوگئے لیکن اس طریقے مین بہت سی خطرات
و مہلکات مثل خطرات و خیالات فاسدہ و وساوس
وغیرہ کے ہین جو سالک کو بیابان طلب مین حیران
و سرگردان رکھتے ہین جن مین سب سے بُری
یہ بات ہے کہ تھوڑی سی نمایش مین مثل سراب
کے جسے پیاسا پانی سمجھتا ہے سالک بھٹک کر طلب کی دست بردار
ہو جاتا ہے یہانتک کہ جب اسکے قریب جاتا ہے تو اسکو کچھ نہین پاتا اور موجودہ
حالت سے مطلع ہونیکے بعد اسکو حسرت و وبال کے سوا کچھ حاصل نہین ہوتا ایسا نعوذ

قولہ ومع ہذا ظہر وتجلی بالحد والشکل

اقول وبا این ہمہ ظاہر شد وتجلی فرمود در مراتب
تنزلات بہر شکل وبہر حد شیخ عبدالکریم جیلی در جیل
مواطن می نگارد الکلمۃ الثامنۃ والعشرون
فی التجلی وہو عبارۃ عن ظہور الحق بمعاینۃ
مایعلمہ من اللہ تعالی والتجلیات کثیرۃ
لاتحصی ویجمعہا اصول اربعۃ ہی تجلیات
الافعال وتجلیات الصفات وتجلیات الاسماء

یعنی باین ہمہ حق مراتب تنزلات مین ہر شکل اور حد مین ظاہر
اور متجلی ہوا شیخ عبدالکریم جیلی جیل مواطن مین لکھتے
ہین کہ اٹھائیسوان کلمہ تجلی کے بیان مین جو عبارت
ہے ظہور حق سے بمعاینہ اوس چیز کے جس کو وہ اللہ
سے جانتا ہے اور تجلیات اگرچہ بے شمار ہین
مگر چار اصول پر جمع کیے گئے ہین تجلیات
افعال تجلیات صفات تجلیات اسماء

تجلیات الذات - انتہٰی - و در جامع الاصول
است کہ تجلی عبارت از چیزیست کہ ظاہر شود برائے
قلوب از انوار غیوب و صاحب مفاتیح الاعجاز
شرح گلشن راز می طرازد تجلی کہ ظہور حق است بر
دیدہ دل پاک از روئے کلیت بر چار گونہ است
آثاری و افعالی و صفاتی و ذاتی آثاری آن است
کہ بصور جسمانیات کہ عالم شہادت است از بسایط
علوی و سفلی و مرکبات بہر صورت حضرت حق
را بیند و در عین رویت بہ جزم داند کہ حضرت
حق است این را تجلی آثاری خوانند و از جمیع
تجلیات آثاری تجلی صوری یعنی در صورت
انسان مشاہدہ نمودن اعلی و اتم است افعالی
آنست کہ حضرت حق بصفتے از صفات فعلی کہ
صفات ربوبیت اند متجلی شود و اکثر آن است کہ
تجلیات افعالی متمثل بہ الوان متلونہ نماید یعنی حق
را بصورت نور سبز و کبود و سرخ و زرد و سپید بیند
و صفاتی آنکہ حضرت حق بصفات سبعۂ ذاتیہ
اعنی حیوۃ و علم و ارادت و قدرت و سمع و بصر و کلام
متجلی شود و گاہ باشد کہ تجلی صفاتی متمثل بنور سیاہ
نماید و ذاتی آن است کہ سالک دران تجلی فانی
مطلق شود و علم و شعور و ادراک مطلقاً نماند و

اور تجلیات ذات انتہٰی اور جامع الاصول میں ہے
کہ تجلی وہ ہے جو قلوب کے لیے انوار غیب سے ظاہر
ہو اور صاحب مفاتیح الاعجاز شرح گلشن راز لکھتے
ہیں کہ تجلی سے مراد ظہور حق ہے چشم بصیرت پر اور وہ
بحیثیت کلیت چار طرح پر ہے آثاری اور افعالی اور
صفاتی اور ذاتی آثاری وہ ہے کہ صور جسمانیات میں یعنی
بسایط علوی و سفلی و مرکبات عالم شہادت کی ہر
صورت میں حضرت حق کو دیکھے اور یقین جانے کہ حق
ہی موجود ہے اسی کو تجلی آثاری کہتے ہیں اور کل
تجلیات آثاری سے تجلی صوری یعنی انسان کی صورت
میں مشاہدہ کرنا اعلا اور اتم ہے اور افعالی یہ ہے کہ حضرت
حق کسی صفت فعلی سے جو صفات ربوبیت میں ہے
متجلی ہو اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ تجلیات افعالی مختلف
رنگوں سے متمثل ہوتے ہیں یعنی حق کو بصورت نور سبز
یا کبود یا سرخ یا زرد یا سپید دیکھے اور صفاتی یہ ہے کہ
حضرت حق صفات سبعہ ذاتیہ یعنی حیات و
علم و ارادہ و قدرت و سمع و بصر و کلام
سے متجلی ہو اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ تجلی
صفاتی متمثل بہ نور سیاہ معلوم ہوتی ہے اور
ذاتی یہ ہے کہ سالک اوسی تجلی میں فانی ہو جائے
اور علم اور شعور اور ادراک مطلقاً باقی نہ رہے اور

تجلیات مذکورہ بحسب صفا و اوقات متجلی علیہ
متفاوت اند اگر حضرت حق را بیند کہ خود حضرت
حق است اتم و اکمل است زیرا کہ تحقق در ضمن این
زیادہ است و در جمیع مراتب تجلیات حضرت حق
را دیدن یا خود مظہر حق شدن در طریق تصفیہ
واقع است و شنیدن موسی علیہ السلام ندائے
انی انا اللہ و حدیث رأیت ربی فی احسن
صورۃ و من رآنی فقد رأی الحق شہود
عدول اند بر جواز تجلیات

تجلیات مذکورہ حسب صفا و اوقات متجلی علیہ مختلف
ہین اگر حضرت حق کو دیکھے کہ خود حق ہے یہ زائد اتم
اور اکمل ہے اس لیے کہ اس ضمن مین تحقیق زائد ہے
اور کل مراتب تجلیات مین حضرت حق کو دیکھنا یا خود
مظہر حق ہونا طریق تصفیہ مین ہوتا ہے۔ حضرت موسی
علیہ السلام کا آواز انی انا اللہ سننا۔ نیز یہ حدیث
کہ مین نے اپنے رب کو اچھی صورت مین دیکھا اور
جس نے مجھکو دیکھا اوس نے حق کو دیکھا یہ تجلیات کے
جواز پر شاہد عادل ہین۔

قولہ ولم یتغیر عما کان علیہ من عدم الشکل و عدم الحد بل الآن علی ما علیہ کان

اقول و باوجود این تجلیات متغیر نشد از صفتے کہ
بر آن بود بلکہ اکنون بر آن ست کہ بود چہ تغیر آنگہ
بود کہ حادث شود در آن ذات آنچہ از شیون
او کہ در و نباشد اولاً و لکنہ لم یحدث الا ما
کان من شانہ ان یظہر فیہ من صور التعینات
مع بقاء التنزیہ پس ظاہر گشت الآن مع ظہور
ہذہ الاکوان کما علیہ کان حیث لا اکوان
و صریح تر ازین ست آنکہ این ہمہ جزئیات متفرق
حادث ظہور یک ذات اند تعالی و تقدس در رنگ
آن کہ صورت زید مثلاً در مرایائے متعددہ نمودے
پیدا کردہ است ظہور یک ذات زید است این جا

یعنی باوجود ان تجلیات کے اوس صفت عدم شکل و عدم
حصر سے متغیر نہ ہوا بلکہ جس صفت پر پہلے تھا اوسی پر اب
بھی ہے کیونکہ تغیر اوسوقت ہوتا جب اوس ذات مین وہ
چیز حادث ہوتی جو اوسکے شیون مین پہلے سے نہ ہوتی
لیکن یہان تو وہی چیز حادث ہوئی ہے جسکے ظہور کو اوسکی
شان مقتضی ہوئی صور تعینات سے مع تنزیہ کے باقی رہنے کے
تو معلوم ہوا کہ اب بھی ان موجودات کی ظہور کے ساتھ وہ ویسا ہی ہے
جیسا کہ پہلے تھا اور اس سے زیادہ صریح یہ ہے کہ یہ سب جزئیات
متفرق حادثہ صرف ایک ذات حق کا ظہور ہے جیسے مثلاً
زید کی صورت متعدد آئینون مین ظاہر ہوئی اور زید
کی ایک ہی ذات کا سب جگہ ظہور ہے نہ وہان

نہ جزئیت واتحاد است ونہ حلول وسریان و
ذات زید باوجود این ہمہ بر صرافت اصلی خود است
ازین صور درو ہیچ نہ افزودہ ونہ کاستہ آنجا کہ ذات
زید است این صور را نامے ونشانے نیست تا با
وے نسبتے از جزئیت واتحاد وحلول وسریان کنند
سر ارشاد الآن کما کان ظاہر آمد چہ کہ در
مرتبہ کہ او تعالی است چنانچہ عالم را پیش از ظہور آنجا
گنجایش نباشد فلاجرم یکون الآن کما کان فافہم

جزئیت ہی نہ حلول نہ اتحاد ہے نہ سریان اور زید کی ذات
باوین ہمہ اپنی صرافت اصلی پر ہے انسے نہ اوسمین کچھ زیادتی
ہوئی نہ کمی جہان زید کی ذات ہے وہان اون کا نام
ونشان بھی نہین جو اوسکے ساتھ نسبت جزئیت اور
اتحاد اور حلول اور سریان ثابت کرین ارشاد الآن کما کان
کا راز ظاہر ہوگیا کیونکہ جس مرتبہ مین حق ہی وہان عالم
کی گنجایش جیسے قبل ظہور نہ تھی بعد ظہور بھی نہ ہوگی
تو بیشک وہ اب بھی ویسا ہے جیسا کہ تھا۔

قولہ ان الوجود واحد والالباس مختلفة ومتعددة

اقول وآن وجود مطلق بحیثیت اطلاق واحد
است والباس مختلف اند بہ اختلاف شیون
ومظاہر چنانکہ کثرت واختلاف صور امواج بحر
را متکثر نہ گرداند واسما مسمی را من جمیع الوجوہ
متعدد نہ کند دریا نفس زند بخار گویند متراکم شود ابر
خوانند فرو چکد بارانش نام نہند وچون روان گردد
سیل گویند وچون جمع شود وبدریا پیوند دہمان
دریا بود کہ بود ع فالبحر بحر علی ما کان
فی القدم + ان الحوادث امواج وانہار +
لا یحجبنک اشکال تشاکلہا + عمن تشکل
فیہا فہی استار + یعنی دریاے وحدت اصلی
بر ہمان قرار دریاے باقی ست ہمچنان یکجا خود است

یعنی وہ وجود مطلق اطلاق کی حیثیت سی یکتا ہی اور الباس
مختلف ہین باختلاف شیون ومظاہر جسطرح کثرت واختلاف
صور امواج دریا کو متکثر نہین کرتی اور اسما مسمی کو من جمیع الوجوہ
متعدد نہین کرتی دریا سانس لیتا ہے اوسکو بخار کہتی ہین اور
بخارات جب مجتمع ہوتی ہین انکو ابر کہتی ہین جب مینہ کیطرف متوجہ
ہوتی ہین اونکو بارش سی تعبیر کرتی ہین اور جب وہ جاری ہوتا ہے
اوسکو سیل کہتی ہین اور جب جمع ہوکر دریا سے ملجاتا ہی تو بھی وہی دریا
رہتا ہی جو پہلی تھا ع دریا دریا ہی جیسا کہ قدم مین تھا + حوادث
موجین اور نہرین ہین + تجھکو ان شکلون کا ظاہر ہونا اوس
وجود سے حجاب مین نہ ڈالے جو ان شکلون مین ظاہر ہوا ہے
کہ یہ شکلین اوس کے حجابات ہین یعنی دریاے وحدت
اصلی بدستور دریاے باقی ہے اور اوسی طرح اپنی جگہ پر ہے

و این کثرت که ظاهر شده غیر می نماید وجودے ندارد غیر از هستی دریا بلکه موجهاے دریا است اما ازوگه بظاهر اسماے الٰہی است وجہ بیاے اوست از آن روکه صور حقایق امکانی است پس باید که ترا این شکلها محجوب نگرداند که تو ہم یکے از آنہائی چه بدانستی که این شکلها پوشش آن حقیقت اند باید که بر تو پوشیده نماند و از نظر تو پوشیده نگرداند حقیقت را و این اختلاف قادح وحدت حقیقت ذاتی ہم نیست چه وجود وے تعالی ذاتی وی است زیرا که او عین وجود است و ثبوت الشئی لنفسه ضروری است و سلب الشئی عن نفسه البته محال است واما وجود ممکنات عبارت از ظهور وجود حق است در حقائق ایشان بآن معنی که چون ممکنی از ممکنات را شرائط وجود عینی متحقق گردد وے را نسبتے خاص مجهول الکیفیت بظاهر وجود که بمنزله مرآت است مر باطن وجود را پیدا شود که بجهت آن مناسبت احکام و آثار عین ثابته آن ممکن در مرآت آن ظاهر وجود منعکس گردد و ظاهر وجود بآن احکام و آثار منصبغ و متعین نماید و اسماء و صفات وے بآن قدر خصوصیت شانی که عین ثابته آن ممکن صورت علمیه آنست تقاضا کند

یہ کثرت جو ظاہر ہوکر غیر معلوم ہوتی ہے اسکا وجود ہی نہین سواے دریا کی وجود کے بلکہ یہ ایسی موجین ہین ایسلیے کہ اسماء الٰہی کی مظاہر ہین اور اوسکی نہرین ہین ایسلیے کہ حقایق امکانی کی صورتین ہین لہذا تجھکو یہ چاہیے کہ ان شکلونکے محجوب نہ ہونا چاہیے کیونکہ تو بھی اونھین مین سے ہے جب تونے یہ جانا کہ یہ شکلین اوس حقیقت کی حاجب ہین تو تجھپر یہ امر مخفی نہ رہنا چاہیے تاکہ تیری نظر سے یہ شکلین حقیقت کو پوشیدہ نہ کرسکین اور یہ اختلاف وحدت حقیقت ذاتی کے بھی مضر نہین کیونکہ وجود حق تعالی ذاتی ہی اس لیے کہ وہ عین وجود ہی اور شی کا ثبوت اپنے لیے ضروری ہے شی کی نفی اپنی ذات سے البتہ محال ہے اور وجود ممکنات سے مراد وجود حق کا ظہور ہی اونکے حقایق مین اس طرح کہ جب کسی ممکن مین وجود عینی کی شرائط موجود ہوتی ہین تو اوس ممکن کو ایک خاص نسبت مجہول الکیفیت ظاہر وجود سے جو باطن وجود کیلیے آئینے کی طرح ہے پیدا ہوجاتی ہے جس مناسبت کی وجہ سے اوس ممکن کے عین ثابت کے احکام و آثار اوس ظاہر وجود کے آئینے مین منعکس ہوجاتے ہین اور ظاہر وجود اون احکام و آثار سے رنگین و متعین معلوم ہوتا ہی اور اوسکی اسماء و صفات اوس قدر خصوصیت شان سی کہ جس کا اوس ممکن کا عین ثابت یعنی صورت علمیہ تقاضا کرتی ہی

ظاہر گردد پس ظاہر وجود منصبغ بآن احکام و آثار
موجود می باشد از موجودات عینی و خارجی و مراد
به انضمام و اقتران و معیت وجود حق بہ ماہیت
ظہور آن نسبت است میان ایشان و از مقتضیات
آن نسبت ظہور ماہیت در خارج و ترتب احکام
خارجیہ وے بروے و غیریت وجودات خاصۂ
اشیاء با وجود منبسط در مشاعر و مدارک است فقط
و اضافت وجود حقیقی کہ مبدأ آثار است بسوے
عالم وہم و خیال است فافہم و خض فیہ
فان المقام دقیق و تطور بہ شیونات مختلفہ و
تلبس بہ الباس متعددہ خود از قرآن مجید ثابت
است قال اللہ تعالی کل یوم ہو فی شان
و بل ہم فی لبس من خلق جدید پس
او تعالی چہ در تجلیات وجودی و چہ در شہودی
در ہر آن باسمی دیگر و صفتے دیگر ظاہر شود و ہر دم
بصورتے دیگر بر آید و ہر ممکن در ہر آنے بعدم
می رود و در ہمان آن مماثل اول بوجود می آید
و تجلی تکرار ندارد چہ ہر آن فناء صورتے و بقائے
صورتے دیگر حاصل می گردد و موجب فناء و
بقائے تجلیات متعاقبہ است و موجود فنا غیر موجود
بقاء بود انتہی مولانا شاہ ولی اللہ محدث در سطعات

ظاہر ہوتے ہین تو ظاہر وجود ان احکام و آثار سے رنگین
منجملہ موجودات عینی خارجی کے ایک موجود ہوتا ہے
اور انضمام اور اقتران اور معیت وجود حق سے مراد
اوس نسبت کا ظہور ہے جو اون مین ہے اور اوس نسبت کے
مقتضیات سے ماہیت کا ظہور خارج مین اور
اوس کے احکام خارجیہ کا اوس پر مترتب ہونا
اور وجودات خاصۂ اشیاء کی غیریت وجود منبسط کی
ساتھ حواس اور ادراک مین ہے اور اضافت وجود
حقیقی کہ جو مبدأ آثار ہے عالم وہم و خیال کی طرف
ہے پس سمجھو اور اس مین غور کرو کیونکہ یہ مشکل مقام
ہے اور تطور شیونات مختلفہ و تلبس بالباس متعددہ
خود قرآن مجید سے ثابت ہے اللہ تعالی فرماتا ہے
کہ ہر دم وہ نئی شان مین ہے۔ اور بلکہ وہ لوگ جدید
پیدائش سے شک مین ہین۔ پس اللہ تعالی تجلیات
وجودی اور شہودی مین ہر وقت ایک نئے اسم اور نئی
صفت سے ظاہر ہوتا ہے اور ہر وقت نئی صورت مین
جلوہ گر ہوتا ہے اور ہر ممکن ہر وقت معدوم ہوتا ہے اور اوسی
وقت مثل سابق موجود ہوتا ہے اور تجلی مکرر نہین ہوتی کیونکہ ہر وقت
ایک صورت کی فنا سے دوسری صورت کی بقا حاصل ہو جاتی ہے
اور فنا و بقا کا سبب پے در پے تجلیات ہین اور موجود فانی موجود
باقی کا غیر ہوتا ہے انتہی مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سطعات مین

می فرماید کہ بواسطہ این تجلی ثابت شد ذات الٰہی
را ارادہ متجددہ واین غیر ارادہ ایست کہ حکیم آنرا
عین ذات می گویند وغیر ارادہ کہ متکلم بتکلف اثبات
آن نماید تفصیل این اجمال آن کہ ضوء لازم آفتاب
است و دائم بدوام آفتاب لیکن اثر خاص ضوء
در جسم خاص در یک وقت حادث می شود نہ در
اوقات دیگر بسبب استعداد طاری پس وقت
نصف النہار سنگ را گرم ساخت و ساعت کذا یخ را
گداخت واین فعل ضوء دائم بدوام آفتاب متجدد شد
بحقیقت سلسلہ جنبانی این تجدد از استعدادات
ارضیہ بودہ است وبسوی ہمین معرفت اشارہ کردہ شد
در قول حق کل یوم ھو فی شان انتہی ابو طالب
مکی در قوت القلوب نوشتہ لا یتجلی الحق فی
صورۃ واحدۃ لشخص واحد مرتین ولا
فی صورۃ واحدۃ لاثنین والا یلزم التکرار
فی التجلی وھو عبث ویتعالی الواحد الحق
عن العبث سوال اگر کسی گوید کہ از عدم تکرار
تجلی لازم می آید کہ معدوم بعینہ معاد نگردد واین مستلزم
دو فساد است یکے بطلان جزاء مکلفین در دنیا و
آخرت جزا کہ مکلف در وقت جزا غیر آنست کہ
در وقت عمل بود دوم حشر اجساد وجزای اعمال و

فرماتے ہین کہ اس تجلی کی وجہ سے ذات الٰہی مین
ارادۂ متجددہ ثابت ہوا یہ علاوہ اوس ارادہ کے ہے جسکو
حکما عین ذات کہتے ہین نیز علاوہ اوس ارادہ کے جس کو
متکلمین تکلف سے ثابت کرتے ہین تفصیل اس اجمال کی یہ
ہے کہ ضوء لازم آفتاب ہے اور ہمیشہ آفتاب کے ساتھ
ہے لیکن ضوء کا اثر خاص جسم خاص مین ایک وقت
خاص مین پیدا ہوتا ہے نہ دیگر اوقات مین بسبب
استعداد موجود کے یعنی دوپہر کے وقت تو وہ پتھر کو گرم
کر دیتی ہے اور اوسی وقت برف کو بھی پگھلا دیتی ہے
اور اسی سبب سے ضوء کا فعل ہمیشہ آفتاب کے وجود سے
حقیقتا پیدا ہوتا رہتا ہے اور اسی تجدد کی سلسلہ جنبانی استعدادات
ارضیہ سے ہوئی ہے اور اسی معرفت کی طرف اللہ تعالے
کے اس قول مین اشارہ ہے کہ ہر دم وہ نئی شان مین ہے
ابو طالب مکی نے قوت القلوب مین لکھا ہے کہ حق ایک صورت مین ایک
شخص کیلیے دوبار تجلی نہین کرتا اور نہ ایک صورت مین دو کیواسطے
اگر ایسا ہو تو تجلی مین تکرار لازم آوے جو فعل عبث ہے اور حق
فعل عبث سے پاک ہے سوال اگر کوئی کہے کہ تجلی کی تکرار نہ ہونے
سے لازم آتا ہے کہ معدوم بعینہ معاد نہوا اور یہ دو فساد دونون
کو مستلزم ہے ایک مکلفین کی دنیا و آخرت مین جزا باطل
ہونے کو کیونکہ مکلف جزا کے وقت اوس کا غیر ہے
جو عمل کے وقت تھا دوسری حشر اجساد اور جزای اعمال کو

حشر اجساد ثابت شدہ است شرعًا و کشفًا جواب
مبناء ثبوت این امر بر اتحاد در ذات و حقیقت
است و آن منافی اختلاف در صور و احوال و
نشآت نیست پس گویم کہ حقیقت آدمی بل حقیقت
ہر ذرۂ از عالم بالنسبۃ الی ذاتہ وحقیقتہ
لا الی علم موجدہ نیستی است کہ برابطۂ وجودی
علمی کہ صورت معلومیت او را در علم قدیم حق تعالیٰ
بود از فیض وجود حق وجود بروے بحسب قابلیت
وی عارض میگردد قال تعالیٰ اولا یذکر الانسان
انا خلقناہ من قبل ولم یک شیئا پس از
یافتن این ہستی کہ او را عارضی است بموجب کل
شئ یرجع الی اصلہ ہر دم او را باصل خویش
کہ نیستی است بالذات میل حاصل میشود و لیکن
بسبب مدد یکہ از صفت بقاء حق دمبدم بوے
می پیوندد از فناء محفوظ میماند و از بقاء محظوظ می شود
ازین جہت ہیچ وقت اثر موجدی و خالقی حق از
وے منقطع نباشد ہر چند او را از وصول آن اثر
آگہی نبود و الیہ الاشارۃ بل ھم فی لبس من
خلق جدید ؎ ہر نفس نو می شود دنیا و ما
بے خبر از نو شدن اندر بقا + عمر ہمچون جوے نو نو
می رسد + مستمری مے نماید در جسد +

حشر اجساد شرع اور کشف دونون سے ثابت ہین
جواب ان باتون کا مبناء ثبوت ذات اور حقیقت کے
اتحاد پر ہے جو اختلاف صور و حالات و نشآت کے
منافی نہین تو مین کہونگا کہ حقیقت انسان بلکہ ہر ذرہ
عالم کی بنظر اپنی ذات وحقیقت کے نہ بنظر اپنے موجد کے
علم کے نیستی ہے جسپر اوس وجود علمی کی رابطے سے جو اوسکی
صورت معلومیت کو علم قدیم حق تعالیٰ سے تھا وجود حق
کے فیض سے اوسکی استعداد کے موافق وجود اوسکو عارض
ہوتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ کیا یاد نہین کرتا
انسان کہ ہم نے اوسکو پیدا کیا حالانکہ اوس سے قبل وہ
کچھ نہ تھا پس اس عارضی وجود پانے سے بسبب اسکے کہ
ہر چیز اپنی اصل کیطرف پلٹتی ہے ہر وقت اوسکو بھی اپنی
اصل یعنی نیستی کیطرف بالذات خواہش پیدا ہوتی ہے
لیکن اوس مدد کے سبب سے جو صفت بقاء حق سے وقتا
فوقتا اوسکو پہونچتی رہتی ہے فنا سے محفوظ رہتا ہے اور بقا سے محظوظ
ہوتا ہے اسوجہ سے کسیوقت ایجاد اور تخلیق کا اثر اوس سے منقطع
نہین ہوتا اگرچہ اوسکو اسکی خبر نہین ہوتی اور اسیطرف اس
آیت بل ھم فی لبس من خلق جدید مین اشارہ ہے ؎
دنیا ہر وقت نئی ہوتی رہتی ہے اور ہم دنیا کی حدت سے
بالکل بے خبر ہین + عمر مثل نہر کے پانی کی نئی ہوتی رہتی
ہے اور اس جسم مین وہ ہمیشہ رہنے والی معلوم ہوتی ہے

شاخ آتش چون بجنبانی بساز + در نظر آتش نماید
بس دراز + این درازی ہست از تیزی صنع +
می نماید صورت انگیزی صنع + پس ترا ہر لحظہ
مرگ ورجعت است + مصطفی فرمود دنیا ساعت ست
ہر دمے از وے ہمی آید الست + جوہر و اعراض
میگردند سیت + گر نمی آید بلی زیشان ولی آمدن
شان از عدم باشد بلے + در وجود آدمی جان و
روان + می رسد از غیب چون آب روان + صد ہزار
احوال آمد این چنین + باز سوی غیب رفتند ای امین +
حال ہر روزی بوے مانند نے + ہمچو آب اندر شش
کش بند نے + شادی ہر روز از نوع دگر + فکرت
ہر روز را دیگر اثر + واز ارباب نظر ہیچ کس ازین تجدد
آگہی ندارد لیکن شیخ ابوالحسن اشعری و اتباع او از
محققان اشاعرہ کہ سواد اعظم متکلمین اند در بعض
اجزاء عالم ای جمیع اعراض بہ تجدد امثال مطلع گردیدہ
وبقاء را من صفات سبعہ الٰہیہ داشتہ اند وحسبانیہ
کہ معروف بسوفسطائیہ اند در ہمہ اجزاء عالم چہ جواہر
چہ اعراض قائل تجدد امثال اند وہر یکے از فریقین
من وجہ خطا کردہ ووجہ خطاء ہر دو در تصفیہ سنے
شرح التسویہ نوشتہ ام کہ بر قول اشاعرہ وراء حقیقت
حق اثبات جواہر متعددہ میشود کہ اعراض متبدلہ

بنیٹھی ہلانے سے آگ دیکھنے مین بہت بڑی معلوم ہوتی ہے
حالانکہ یہ اوسکا بڑا معلوم ہونا ہلانی والی کی تیزی سے ہوتا ہے
پس تمہارے لیے ہر گھڑی موت اور رجوع ہے خود آنحضرت
کا ارشاد ہے کہ دنیا گھڑی بھر کی لیے ہے ہر وقت اوس سے صدے
الست آتی ہے جس سے جواہر و اعراض سب لیست ہو جاتے
ہین اگرچہ انسے بلی کی آواز نہین آتی لیکن انکا عدم سے آنا
ہی اقرار ہے جسم انسانی مین روح آب روان کیطرح آتی ہے
اور ہزارون حالات اوسپر گذرتی اور پھر غائب ہو جاتے
ہین روزانہ کا اوسکا حال مثل نئی کے ہے یا اوس نہر کی پانی کی
طرح جسکا بند نہ بندھا ہو ہر روز اوسکو ایک نئی قسم کی خوشی
پیدا ہوتی ہے اور ہر روز کی فکر سے ایک نیا اثر ہوتا ہے اور کوئی
عقلمند اس تجدد سے باخبر نہین سوای شیخ ابوالحسن اشعری اور
اونکی تابعین محققین اشاعرہ کی جو متکلمین کے سواد اعظم ہین وہ
بعض اجزای عالم یعنی کل اعراض مین تجدد امثال کی قائل ہوئے
ہین اور صفت بقا کو آٹھوین صفت صفات سبعہ الٰہیہ
سے قرار دیتے ہین اور حسبانیہ جو سوفسطائیہ کی نام سے مشہور
ہین وہ تمام اجزاء عالم جواہر اور عرض سب مین تجدد
امثال کے قائل ہین اور ہر ایک نے ایک طرح پر خطا
کی ہے جس کو تفصیل سے مین نے تصفیہ شرح تسویہ مین
لکھدیا ہے کہ اشاعرہ کی قول پر حقیقت حق کے علاوہ
متعدد جواہر کا اثبات ہوتا ہے کہ اعراض متجددہ متبدلہ

متجدده با آنها قائم اند حالانکه نمی دانند که عالم
بجمیع اجزائه اعراض متبدله متجدده اند که در عین
واحد وجود مجتمع شده اند و در هر آنے ازین عین زائل
میشوند و امثال آنها بوی متلبس می گردند جامیؒ
گوید ؎ بحریست نه کاهنده نه افزاینده +
امواج برو رونده و آینده + عالم چو عبارت از همین
امواج ست + نبود دو زمان بلکه دو آن پاینده +
در قول سوفسطائیه از سریان حقیقت واحد حق که در
جمیع اجزاء عالم بوده به صور و اعراض عالم متلبس
می شود و موجودات متعینه متعدده می نماید غافل
هستند و عالم را خیالے بے اصل می دانند حالانکه
ظهور نیست حقیقت واحده را در مراتب کونی جز
به این صور و اعراض چنانکه وجود نیست صور و اعراض
را در خارج بدون او و باقی درین مقام تفاصیل
دیگر اند این رساله گنجایش آن ندارد از شروح
فصوص در فص شیثی نقد النصوص وغیره و
دیگر کتب مبسوطه باید طلبید و نیز باید دانست که
آصف ابن برخیا در عرش بلقیس آنچه تصرف
کرده از کمال علم همین خلق جدید است چنانچه
صاحب نقد النصوص در فص سلیمانیه تفصیل آن
کرده است و در تعلیقات همین فص می گوید

اون جواہر کی وجہ سے قائم ہین حالانکہ اشاعرہ نہین
جانتے کہ عالم مع اپنے کل اجزاء کے اعراض متجدد و
متبدلہ ہین جو ایک ذات وجود مین جمع ہوئے ہین
اور ہر وقت اوس ذات سے زائل ہوتے اور ویسے
ہی اوس سے متلبس ہوتے ہین مولانا جامی فرماتے
ہین ؎ ایک دریا ہی جو نہ گھٹتا ہی نہ بڑھتا موجین اوسمین
آتی جاتی رہتی ہین + عالم سے مراد یہی موجین ہین جو
دو وقت بلکہ دو گھڑی بھی نہین ٹھیرتین اور سوفسطائیہ
کی قول پر جو حقیقت حق واحد کی سریان سی کہ جو اجزاء
عالم مین ہی اور اعراض و صور سی متلبس ہو کر موجودات متعینہ
اور متعددہ مین ظاہر ہوا ہے غافل ہین اور عالم کو خیالی
اور بے اصل جانتے ہین حالانکہ مراتب کونی مین ظہور
حقیقت واحدہ بجز ان صور اور اعراض کے نہین ہوا
جس طرح اونکا وجود فی الخارج بغیر اوسکے نہین پایا جاتا
باقی اس مقام مین اور بہت سی تفصیلین ہین جنکی اس
رسالہ مین گنجایش نہین فصوص کی شرحون مین سے
فص شیثی نقد النصوص وغیرہ مین اور دوسری
بڑی کتابون مین ڈھونڈھنا چاہیے اور یہ بھی جاننا
چاہیے کہ آصف ابن برخیا نے تخت بلقیس مین جو تصرف کیا وہ
خلق جدید کی کمال علم کیوجہ سی تھا چنانچہ صاحب نقد النصوص نے
فص سلیمانیہ مین اسکی تفصیل کردی ہے اور اسی فص کے تعلیقات مین کہتے ہین

قال بعضهم قدس اللہ سرہم عین واحد یعنی وجود
حق و ہستی مطلق بچندین ہزار صور ظاہر شدہ و ہر
صورتے کہ در ہر زمانے موجود اند معدوم می شوند و
مثل آن بہ تجلی اسم فاطر و خالق کہ از آن عین واحد
فائض می شود موجود می گردند و از غایت سرعت
احساس ہی نوان کرد و اگر صورتے در زمانے معین
و مکانی معین مثلاً در مشرق معدوم شود و در ہمان
زمان مثل آن در مغرب موجود گردد محال نیست
زیرا کہ جائز باشد کہ در یک مکان و یک زمان
چیزے معدوم شود و مثل آن موجود گردد ہمچنین مستحیل
نباشد کہ در یک زمان انچہ در مکانے معین مثلاً
در مشرق موجود و در مغرب معدوم گردد چون یک
عین است کہ باین صورتہا ظاہر می شود آن عین
واحد را مشرق و مغرب جنوب و شمال و فوق و تحت
یکسان است زیرا کہ نورش محدود و متناہی نیست
اوست کہ بصور صفات ممکنہ مصور و موصوف است
بہر صورت و صفت کہ در مشرق موجود است اگر
خواہد در مغرب موجود شود و در مشرق معدوم گردد
و اگر خواہد بالعکس زیرا کہ اوست کہ در جہات مختفی
میگردد چنانکہ دریائے محیط کہ در جہت مغرب و مشرق
و جنوب و شمال متموج می شود موجہا صور دریا عین دریا

کہ بعض صوفیہ قدس اللہ اسرارہم نے کہا کہ عین واحد یعنی
وجود حق اور ہستی مطلق بے شمار صورتون مین ظاہر ہوئی
اور ہر وقت ہر صورت موجود ہو کر معدوم ہو جاتی ہے
اور ویسی ہی اسم فاطر و خالق کے فیضان تجلی سے اس
قدر جلد موجود ہو جاتی ہے کہ محسوس نہین کیجا سکتی اگر
کوئی صورت کسی مقرر زمانے یا مقرر جگہ مین مثلاً مشرق مین
معدوم ہو جاے اور اوسی وقت ویسی ہی مغرب مین موجود
ہو جائے تو یہ محال نہین اس لیے کہ یہ بات جایز ہے کہ
ایک جگہ یا ایک وقت اگر کوئی چیز معدوم ہو جاے تو ویسی ہی
موجود ہو جاے اسی طرح یہ بھی محال نہین کہ ایک زمانہ مین
جو چیز کسی معین جگہ مثلاً مشرق مین موجود ہو مغرب مین
معدوم ہو جاے کیونکہ ایک ہی ذات ہے جو ان صورتون
سے ظاہر ہوتی ہے اوسے مشرق و مغرب جنوب و
شمال فوق و تحت سب برابر ہے اس لیے کہ اوس کا
نور محدود و متناہی نہین وہی ان صفات کی
صورتون سے مصور اور موصوف ہے جس صورت
اور جس صفت سے مشرق مین موجود ہے اگر چاہے
مشرق سے معدوم ہو کر مغرب مین موجود ہو جاے
یا اس کے برعکس اس لیے کہ وہی ہے جو جہات مین
مخفی ہوتا ہے جس طرح دریاے محیط مشرق و مغرب و جنوب و
شمال مین سطح آب موجین مارتا ہے موجین عین دریا

باشند وچنانکہ دریا دائم در تموج است نورش دائم در
تجلی است وصور مختلف کہ دائم محسوس اند ظاہر
خدا اند ووجود عین واحد واز جہات مقدس باطن
خدا است انتہی

ہوتی ہین اور جس طرح دریا ہمیشہ تموج مین ہے
نور حق بھی ہمیشہ تجلی مین ہے اور صور مختلف جو ہمیشہ
سے محسوس ہین ظاہر حق ہین اور وجود عین واحد
جہات سے مقدس باطن حق ہی انتہے

قوله وان ذلك الوجود حقيقة جميع الموجودات وباطنها

اقول وآن وجود مطلق حقیقت کل موجودات
است وباطن آنہا وحقیقت شئ مشاہدہ ربوبیت
